ilmkidunya
علم کی دنیا

# Economics - 9th Class Urdu Medium Economics Chapter 1

Q1. معاشیات کا مفہوم تحریر کریں.

**Ans 1:** معاشیات کا لفظ یونانی اصطلاح اوکونومیکوس یعنی ہاؤس لینڈ منیجمنٹ سے موسوم ہے. ابتدائی دور میں معاشیات کا علم نجی انتظام و انصرام پر مشتمل تھا جس میں انسان اپنی لاتعداد خواہشات کو کمیاب زرائع سے پورا کرنے کی کوشش کرتا تھا اور یہی سعی نوح انسان کی مادی فلاح و بہبود کا بنیادی محرک ہے.

Q2. مارشل کی تعریف کے اہم نکات تحریر کریں.

**Ans 1:** 1- معاشیات انسان کے روز مرہ معاملات کا علم ہے. 2- معاشیات کا تعلق انفرادی اور اجتماعی طور پر مادہ لوازمات بنانے سے ہے. 3- معاشیات کا تعلق صرف ان معاشی اعمال سے ہے جو انسان کی مادی خوشحالی کا باعث بنتے ہیں. 4- معاشیات دولت اقوام کا مطالعہ کرتی ہے کیونکہ اس کی مدد سے انسان کو مادی فلاح حاصل ہوتی ہے.

Q3. معاشیات کی تعریف کریں.

**Ans 1:** قدیم دور سے جدید دور تک انسان کا طرز عمل اور معاشی حالات تبدیل ہوتے رہتے ہیں . اس اعتبار سے معاشیات کی تعریف بھی مختلف انداز اپناتی رہی. ہر معیشت دان نے اپنے دور کے معاشی حالات اور زاتی فکر و نظر سے معاشیات کی تعریف کو بہتر سے بہتر انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے.

Q4. پروفیسر رابنز کی پیش کردہ تعریف بیان کریں.

**Ans 1:** "علم معاشیات انسان کے اس طرز عمل کا مطالعہ کرتا ہے جو خواہشات کے بے شمار ہونے اور زرائع کے محدود ہونے کی بنا پر اختیار کیا جاتا ہے جبکہ زرائع مختلف طور پر استعمال کیے جاسکتے ہیں."

Q5. تبادلہ دولت کی تعریف کریں.

**Ans 1:** اس سے مراد دولت کا ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ پر منتقل ہونا ہے. جب عاملین پیدائش انفرادی یا اجتماعی طور پر معاشی عمل میں حصہ لیتے ہیں تو ایک کا صرف دوسرے کی آمدنی بن جاتا ہے. اس طرح دولت اشخاص کے درمیان گھومتی رہتی ہے.

Q6. جذیاتی معاشیات کی تعریف کریں.

**Ans 1:** اس معاشیات میں معاشی نظام کے چھوٹے چھوٹے اور الگ الگ حصوں کا مطالعہ کیا جاتا ہے یعنی معیشت کے ہر جزو کا باریک بینی سے جائزہ لیا جاتا ہے. اسی لیے اس کو جزیاتی معاشیات کہتے ہیں. مثلا ایک صارف کا طرز عمل معلوم کرنا، ایک شے کی قیمت کا تعین کرنا ایک فرم کے رویہ کا تجزیہ کرنا وغیرہ

Q7. صرف دولت کی تعریف بیان کریں.

**Ans 1:** یہ دولت کا وہ حصہ ہے جو ہم ضروریات زندگی پر صرف کرتے ہیں.

Q8. الفرڈ مارشل کی پیش کردہ تعریف کریں.

**Ans 1:** نیوکلاسیکل مکتبہ فکر کے بانی الفرڈ مارشل نے معاشیات کو مادی فلاح و بہبود کا علم قرار دے کر اس میں نئی روح پھونک دی اور یہی اس کی سب سے بڑی کامیابی تھی. 1890 میں اس نے یعنی معاشیات کے اصول کے نام سے کتاب لکھی جس میں معاشیات کو مادی فلاح و بہبود کا علم قرار دیا گیا .

---

Q9. کلیاتی معاشیات کی تعریف کریں.

**Ans 1:** اس معاشیات میں معاشی نظام کا مجموعی طور پر جائزہ لیا جاتا ہے . چھوٹی چھوٹی اکائیوں کی بجائے کلی طور پر بڑے بڑے معاشی مجموعوں کے باہمی ربط کا مطالعہ کیا جاتا ہے. مثلا ایک شخص کی آمدنی کی بجائے قومی آمدنی ایک شخص کی بیروزگاری کی بجائے ملکی بیروزگاری وغیرہ

---

Q10. تقسیم دولت کی تعریف کریں.

**Ans 1:** چاروں عاملین پیدائش کے درمیان دولت کی تقسیم ہوتی ہے. زمین کو لگان ، محنت کو اجرت ، سرمائے کو سود اور تنظیم کو منافع حاصل ہوتا ہے.

---